سوال

(55) تیمم کا صحیح طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تیمم کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے وضاحت کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمم کے لئے دونوں ہاتھ زمین پر مارے، پھر ان میں پھونک لگائی۔ اس کے بعد ان کے ساتھ اپنے منہ اور دونوں ہاتھوں پر مسح کیا۔ [صحیح بخاری: ۳۳۸]

یعنی الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ پر، سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ پر مسح کیا، پھر دونوں ہاتھوں سے چہرہ کا مسح کیا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد: 2 صفحہ: 93